پریس ریلیز

شیل تعمیر اور انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ پاکستان میں خواتین انٹر پرینیور شپ کو فروغ دینے کے لیے شراکت

کراچی، 07 مارچ، 2022: عالمی یوم خواتین کے موقع پر شیل تعمیر اور انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ نے تعاون کے لیے مفاہمت کی ایک یاداشت پر دستخط کیے ہیں جس کے تحت آئی او بی ایم کے شاہجہاں ایس کریم انکیوبیشن سینٹر (SSK-IC) سے تعلق رکھنے والے اسٹارٹ اپس کی مہارت میں اضافہ کیا جائے گا، اُنھیں وسائل فراہم کیے جائیں گے، مشاورت اور تربیتی ورکشاپس کی سہولت فراہم کی جائے گی، کیمپس کی سطح پر ایونٹس منعقد کیے جائیں گے، انکیوبیشن میں شریک کیا جائے گا اور شیل تعمیر کی ایلومنائی اور اسٹارٹ اپس کو فنڈنگ کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔

اس سلسلے میں دونوں اداروں کے درمیان ایک پینل مذاکرہ منعقد ہوا جس میں پاکستانی خواتین انٹر پرینیورز کے حوالے سے ''پائیدار مستقبل اور صنفی توازن'' کے موضوع پر گفتگو کی گئی۔

پینل کے معزز ارکان میں شیل پاکستان کے ہیڈ آف کارپوریٹ ریلیشنز، حبیب حیدر، سیڈ وینچرز کی چیف ایگزیکٹو آفیسر، شائستہ عائشہ، انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ کے صدر، طالب ایس کریم، انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ کے چیف ٹیکنکل آفیسر اور ڈائریکٹر کمپیوٹر انفارمیشن ٹیکنالوجی، ڈاکٹر عمران بٹاڈا شامل تھے جنھوں نے خوہشمند انٹر پرینیورز اور ارلی اسٹارٹ اپس تک قیمتی معلومات پہنچائیں۔ کلائمٹ لانچ پیڈ کی نیشنل لیڈ، محترمہ حرا وجاہت ملک نے ماڈریٹر کے فرائض انجام دیئے۔

مذاکرے کے دوران شیل پاکستان کے ہیڈ آف کارپوریٹ ریلیشنز، حبیب حیدر نے کہا: ''شیل تعمیر کا مشن نوجوان انٹر پرینیورز کے لیے راستہ ہموار کرنا ہے۔ گزشتہ برسوں میں، اس نے متعدد خواہشمند افراد کی صلاحیتوں میں اضافہ کیا ہے اور اب وہ پاکستانی معیشت کی ویلیو میں اضافہ کر رہے ہیں۔ میں نوجوان خواتین انٹر پرینیورز کی جانب سے پیش کیے گئے زبردست آئیڈیاز دیکھ کر بہت پر جوش ہوں اور توقع کرتا ہوں کہ اس طرح شیل تعمیر اور ایس ایس کے-آئی سی کے درمیان تعلقات مضبوط ہوں گے۔''

انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ (IoBM) کے صدر، طالب ایس کریم نے کہا: ''انٹر پرینیورز ضرورت کی نشاندہی کرتا ہے اور اُس کا حل تلاش کرتا ہے جو فی الحقیقت اُس ملک کے لیے ایک حل ہوتا ہے۔ ایس ایس کے-آئی سی اور شیل تعمیر اسٹوڈنٹس کو امپاور کرنے اور اُنھیں جاب کری ایٹرز میں تبدیل کرنے کا ویژن رکھتے ہیں۔''

یہ ایونٹ تمام مہینے جاری رہنے والے اقدام کا آغاز ہے جس کے دوران مختلف یونیورسٹیز سے تعلق رکھنے والی خواہشمند خواتین انٹر پرینیورز کلین انرجی، ویسٹ مینجمنٹ اور کلین ٹیک سولوشنز کے حوالے سے آئیڈیاز پیش کریں گیں اور اپنے مینٹور کے ساتھ ہر ہفتے اپنے آئیڈیا پر تبادلہ خیال کریں گیں جس کے دوران انھیں اپنے منٹورنگ اہداف تک پہنچنے میں مدد کی غرض سے راہنمائی فراہم کی جائے گی، مشورے دیئے جائیں گے۔

☆☆☆